اقدار

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال اینڈ میڈیکل کالج فاؤنڈیشن بطور ادارہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے درج ذیل اصولوں پر کام کرتی ہے:

- معیار
- مطابقت
- اثر
- رسائی

مقصد اور تصور

مقصد

آغا خان ہسپتال اینڈ میڈیکل کالج فاؤنڈیشن کا مقصد ہے:

- مریضوں کو مثالی دیکھ بھال فراہم کرنا
- دیکھ بھال، تعلیم اور تحقیق کے شعبوں میں جدتوں کو جانچنا اور بڑھانا
- تدریس اور تحقیق کے حوالے سے معاونت فراہم کرنا

- صحت کی دیکھ بھال کے ایسے نظام کے فروغ کی کوشش کرنا جو ابتدائی، ثانوی اور ثالثی سطح کی خدمات فراہم کرتا ہو

- ایسے ضرورت مند مریضوں کی صحت کی سہولیات تک رسائی میں اضافہ کرنا جو مالی دشواریوں کے باعث ہسپتال کے معمول کے اخراجات ادا نہ کرسکتے ہوں، اور ایسے مریضوں تک پہنچنا جو ہسپتال تک نہ آسکتے ہوں

- اپنے وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے لوگوں کی توقعات کے مطابق ایسی نئی خدمات اور سہولیات فراہم کرنا جو مالی لحاظ سے دیرپا اور دائمی ہوں

- اس نظام کو کسی مدد کے بغیر چلنے کے قابل بنانا

تصور

آغا خان ہسپتال اینڈ میڈیکل کالج فاؤنڈیشن اور اس سے ملحقہ اداروں کا شمار پاکستان اور ترقی پذیر ممالک کے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے بہترین اداروں میں ہوگا جس کے لیے:

- ہم اعلیٰ معیار کی ایسی دیکھ بھال فراہم کریں گے جو ہمدردانہ، اخلاقی، قابل رسائی ہو اور نہ صرف ہمارے مریضوں، ان کے اہل خانہ اور دیگر صارفین کی توقعات پر پوری اترتی یا اس سے بہتر ہو

- ہم اپنے عملے کو کام کا ایسا غیر معمولی ماحول فراہم کریں گے جس سے ان کے جوش اور لگن میں اضافہ ہو

- تعلیم اور تحقیق میں قائدانہ کردار کے حامل افراد کی تخلیق سے خطے کے لوگوں کی صحت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی